سوال

(120) جانوروں سے حفاظت کےلیے قبر کے گرد لکڑی کا جنگلا لگانے کا حکم؟

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

قبر کی حرمت کو جانوروں سے پامال ہونے سے بچانے کےلیے ہمارے ہاں لکڑی کا جنگلا قبروں کے چاروں اطراف لگایا جاتا ہے۔ کیا یہ کام درست ہے؟ (سائل) (۱۳ جون ۲۰۰۳ء)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

قبر کی حفاظت کی خاطر جنگلا نہیں لگانا چاہیے، یہ فعل سنت سے ثابت نہیں۔ تاہم جانوروں پر کنٹرول کرنے کی مقدور بھر کوشش کرنی چاہیے، جس سے قبر کی حفاظت ہو جائے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، کتاب الجنائز: صفحہ:169

محدث فتویٰ